© rasailojaraid.com


قیمت صرف
100/- روپے

# شاہکار سیّد مودودیؒ

ایک سیٹ میں 10 کتابچے، 325 صفحات، خوب صورت سائز

مولانا سیّد ابو الاعلیٰ مودودیؒ کی نادر اور آفاقی تحریروں پر مشتمل یہ سیٹ زندگیوں میں انقلاب برپا کرتا ہے۔

کتب کی فہرست (Catalogue) طلب فرمائیں

قیمت صرف
100/- روپے

# دعوتی سیٹ

ایک سیٹ میں 32 موضوعات

مولانا سید ابو اعلیٰ مودودیؒ کے نادر قلم سے دعوت و تبلیغ کے لئے اسلامی فکر کو گھر گھر پہنچانے کا مؤثر ترین ذریعہ

سیّد مودودیؒ اپنی درج ذیل کتب کے ذریعہ امت مسلمہ کی بے مثال رہنمائی کرتے ہیں۔

## اسلامی ریاست

(پوری آب و تاب کے ساتھ چوبیسواں ایڈیشن)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفہ راشدین کے قائم کردہ نظام خلافت کا عملی نقشہ۔ وہ خدوخال جن پر مسلم دنیا کی 57 ریاستوں اور پاکستان کی تعمیر انسانیت کی معراج بن سکتی ہے۔

## خلافت وملوکیت

(تیس ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔)

اسلامی تاریخ کے الجھے ہوئے باب کے اصل خدوخال اسلامی فکر اور صحت مند معاشرے کی تعمیر کے لئے مؤثر ترین کوشش۔

اسلامک پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ
- ۱۳۔ کورٹ سٹریٹ لوئر مال، لاہور
- منصورہ ملتان روڈ، لاہور پاکستان

Tel: +92-42-7248676-7320961
042-5417074
Fax:+92-42-7214974
E-mails:islamicpak@hotmail.com
islamicpak@yahoo.com
website: www.islamicpak.com.pk


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# دین خیر خواہی ہے!

مجاہد شبیر احمد فلاحی قاسمی°

حضرت تمیم داریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دین خیر خواہی کا نام ہے۔ہم نے پوچھا: کس کے لیے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ کے لیے، اس کی کتاب کے لیے، اس کے رسول کے لیے، مسلمانوں کے ائمہ کے لیے اور عام مسلمانوں کے لیے''۔ (مسلم، کتاب الایمان، باب بیان أن الدین النصیحۃ:۹۵)

عربی زبان میں اَلنَّصِیْحَۃُ اخلاص کو کہتے ہیں۔لغت میں نُصْحاً کے معنی خالص ہونا، جیسے نَصَحَ الشَّیئُ: خالص ہونا، بے غل وغش ہونا۔اسی طرح نَصَحَ الْقَلْبُ، دل کا کھوٹ وغیرہ سے پاک ہونا اور نَصَحَ لَہٗ، یعنی ایسی بات کرنا جس سے محبت اور شفقت کا اظہار ہو رہا ہو، جو اس کے شایان شان اور موافق ہو اور جس سے اس کو کوئی ضرر لاحق نہ ہو رہا ہو۔

یہ حدیث عظیم الشان مرتبے کی حامل ہے۔علما نے لکھا ہے کہ یہ حدیث ان چار حدیثوں میں سے ایک ہے جو اسلام کے تمام امور کی جامع ہیں اور جن پر اسلام کا دارومدار ہے۔(مسلم شرح النووی ،ص۳۷، ج۱، جز۲)

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے جب اللہ کے رسولؐ کی یہ حدیث سنی تو انھوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! یہ خلوص اور خیر خواہی کا جذبہ ہم اپنے دلوں کے اندر کس کے لیے پیدا کریں؟ اللہ کے رسولؐ نے ترتیب کے ساتھ پانچ چیزوں کا تذکرہ کیا۔

---

° اسکالر، ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی، علی گڑھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ۱- اللہ کے لیے

اللہ کے لیے خلوص کا مطلب یہ ہے کہ ہم اللہ کو ایک جانیں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔ اسی طرح اللہ کی صفات کو اسی کے لیے مختص کریں، جیسے خالق، مالک، رازق، حافظ، رحمٰن، رحیم، حی، قیوم وغیرہ صفات اسی کے شایانِ شان ہیں۔ قرآن شریف میں بے شمار مواقع پر اللہ تعالیٰ کی صفات کا تفصیل کے ساتھ ذکر ہوا ہے۔ کوئی بھی مخلوق ان صفات کی متحمل نہیں ہوسکتی، جیسے سورۂ حشر کی یہ تین آیات:

> هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ○ (الحشر ۵۹:۲۲-۲۴) وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، غائب اور ظاہر ہر چیز کا جاننے والا، وہی رحمٰن اور رحیم ہے۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بادشاہ ہے نہایت مقدس، سراسر سلامتی، امن دینے والا، نگہبان، سب پر غالب، اپنا حکم بہ زور نافذ کرنے والا، اور بڑا ہی ہو کر رہنے والا۔ پاک ہے اللہ اس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وہ اللہ ہی ہے جو تخلیق کا منصوبہ بنانے والا اور اس کو نافذ کرنے والا اور اس کے مطابق صورت گری کرنے والا ہے۔ اس کے لیے بہترین نام ہیں۔ ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اس کی تسبیح کر رہی ہے، اور وہ زبردست اور حکیم ہے۔

اللہ کو ہی قانون ساز تسلیم کرنا، اسی کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا، اور اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرنا، یہ سب اسی اخلاص کے مظاہر ہیں۔ اسی بات کو اللہ کے رسولؐ نے ایک چھوٹے سے فقرے میں یوں بیان کیا ہے: ''میں اللہ کے رب ہونے پر راضی ہوا'' (مسلم، کتاب الایمان)، یعنی اس اقرار کے بعد اگر پوری دنیا میری مخالف ہو جائے تب بھی میں اس عہد سے نہ پھروں گا۔ اللہ کو رب تسلیم کرنے کا مطلب اللہ کے سوا تمام معبودوں کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انکار ہے، چاہے وہ کسی بھی شکل میں ہوں۔ اللہ کو رب تسلیم کرنے کے بعد جو کیفیت ایک بندے کی ہوتی ہے، اس کا بیان اس آیت میں ہوا ہے: اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o (الانعام ۶:۱۶۲) ''بے شک میری نماز، اور میرے تمام مراسم عبودیت، میرا جینا اور میرا مرنا، سب کچھ اللہ رب العالمین کے لیے ہے''۔ یہ تمام اعمال ادا کرتے ہوئے اسے کسی اور کی خوشی اور رضا مطلوب نہیں ہوتی، اسے کسی کے انعام و اکرام کا لالچ نہیں ہوتا، اور وہ اللہ کی محبت پر کسی کی محبت کو ترجیح نہیں دیتا۔

گویا اس کی زندگی کا لمحہ لمحہ اللہ کی بندگی میں گزرتا ہے۔ تمام معاملات میں وہ اپنی خواہشات کا پیرو نہیں ہوتا، بلکہ اس کے رب نے جس چیز کے کرنے کا حکم دیا ہے، اس پر بغیر کسی لیت و لعل کے عمل کرتا ہے اور اس کے رب نے جس چیز سے بھی روکا ہے اس سے رک جاتا ہے: اِذْ قَالَ لَہٗ رَبُّہٗٓ اَسْلِمْ لا قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ o (البقرۃ ۲:۱۳۱) ''جب اس کے رب نے اس سے کہا: ''مسلم ہو جا''، تو اس نے فوراً کہا: ''میں مالک کائنات کا مسلم ہو گیا''۔

اگر کسی کے اندر واقعی یہ کیفیت پیدا ہو، تو یہی دراصل اللہ کے لیے نصح اور خیرخواہی ہے۔

## ۲- اللہ کی کتاب کے ساتھ خیر خواہی

اللہ کی کتاب کے ساتھ خیرخواہی کا مطلب یہ ہے کہ سب سے پہلے اس بات پر ایمان لایا جائے کہ یہ کتاب اللہ کی نازل کردہ ہے جس کو اللہ نے اپنے برگزیدہ فرشتے کے ذریعے اپنے پیغمبر آخرالزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا۔ اس میں کسی طرح کی کوئی ٹیڑھ نہ رکھی:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّہٗ عِوَجًا o (الکہف ۱۸:۱) تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر یہ کتاب نازل کی اور اس میں کوئی ٹیڑھ نہ رکھی۔

اس میں کوئی شک وشبے کی گنجایش نہیں۔ اگر کوئی چیز انسانوں کی ہدایت کے لیے نازل ہوئی تو وہ یہی کتاب ہے۔ اس کے علاوہ اس کتاب کے تمام احکام کو بے چوں وچرا تسلیم کیا جائے، اور ان میں تھوڑی سی بھی تبدیلی کو گوارا نہ کیا جائے۔ عملی طور پر اللہ کی کتاب کے ساتھ خیرخواہی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یہ ہے کہ اس کی تلاوت اس طرح کی جائے جیسا کہ اس کا حق ہے: اَلَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰهُمُ الۡكِتٰبَ یَتۡلُوۡنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ (البقرہ ۲:۱۲۱) ''جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے، وہ اُسے اُس طرح پڑھتے ہیں جیسا کہ پڑھنے کا حق ہے''۔ اس کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی جائے، اس کو یاد کیا جائے، اس کی حقیقی دعوت کو عام کیا جائے، اس کے احکام سے انسانوں کو آگاہ کیا جائے، اور ان کو اپنی عملی زندگی میں اپنایا جائے۔ اگر صرف کتاب اللہ کی تلاوت کی جائے اور اس کے بقیہ حقوق سے سبکدوشی اختیار کی جائے، یا اس کو چھوڑ کر انسانوں کی لکھی ہوئی کتابوں کے ساتھ اتنی عقیدت برتی جائے کہ کلام اللہ کی عقیدت ماند پڑ جائے تو یہ قرآن کے ساتھ خیر خواہی نہیں بلکہ زیادتی ہے۔ انھی لوگوں کے بارے میں قیامت میں کہا جائے گا:

وَقَالَ الرَّسُوۡلُ یٰرَبِّ اِنَّ قَوۡمِی اتَّخَذُوۡا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ مَهۡجُوۡرًا ۝ (الفرقان ۲۵:۳۰) اور رسول کہے گا کہ اے میرے رب، میری قوم کے لوگوں نے اس قرآن کو نشانۂ تضحیک بنا لیا تھا۔

## ۳- اللہ کے رسولؐ کے ساتھ خیر خواہی

اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول تسلیم کیا جائے، آپؐ کی تمام تعلیمات پر صدق دل سے ایمان لایا جائے، آپؐ کے اوامر و نواہی کی اطاعت کی جائے اور آپؐ کے لائے ہوئے دین کی حفاظت کے لیے ہمیشہ تیار رہا جائے۔ ان لوگوں کو دشمن سمجھا جائے جو اللہ کے رسولؐ کے ساتھ دشمنی کرتے ہوں اور ان لوگوں کے ساتھ خوش گوار تعلقات قائم کیے جائیں جو اللہ کے رسولؐ کے ساتھ دل و جان سے محبت کرتے ہوں۔ اللہ کے رسولؐ کی عزت و توقیر کی جائے، آپؐ کی سنتوں کو زندہ کیا جائے، آپؐ کی لائی ہوئی شریعت کی طرف دعوت دی جائے اور اس کی اشاعت کی جائے۔ آپؐ کے خلاف لگائے جانے والے الزامات و اعتراضات کا منہ توڑ جواب دیا جائے۔ دراصل یہ تمام چیزیں آپؐ کی خیر خواہی کے اجزا ہیں۔

آپؐ کے علوم کی نشر و اشاعت کرنا اور ان میں غور و فکر کرنا، لوگوں کو اس کی طرف بلانا اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کو سیکھنا اور سکھانا اور احادیث کے دروس کے وقت ادب و اکرام کا مظاہرہ کرنا، اور خاموشی کے ساتھ سننا بھی اس میں شامل ہیں۔ آپؐ کے اہل بیت اور صحابہؓ کی محبت اپنے دلوں میں پیدا کرنا اور جو شخص آپؐ کی لائی ہوئی شریعت میں بدعت کا مرتکب ہو رہا ہو اس سے لاتعلقی کا اظہار کرنا بھی اسی کے مظاہر ہیں۔ اس کے علاوہ آپؐ کی محبت کو تمام محبتوں پر غالب رکھنا کمالِ ایمان اور کمالِ اخلاص کی دلیل ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی مومن نہیں ہے جب تک کہ میں اسے اس کے والدین، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں'' (بخاری)۔ اپنی تمام خواہشات کو اللہ کے رسولؐ کی لائی ہوئی شریعت کے تابع کرنا ایمان کو مزید پختگی بخشتا ہے: ''تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کی خواہشات میری لائی ہوئی شریعت کے تابع نہیں ہو جاتیں''۔

### ۴- ائمہ مسلمین کے ساتھ خیر خواہی

ائمہ سے مراد مسلمانوں کے خلفا اور ان کے اُمرا ہیں۔ ان کے ساتھ خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ حق کے معاملے میں ان کی اطاعت کی جائے اور ان کی معاونت کی جائے۔ اگر ان سے کبھی صحیح راستے سے انحراف ہو رہا ہو تو نرمی کے ساتھ عوام میں مشتہر کیے بغیر ان کو اس کی طرف متوجہ کیا جائے۔ اللہ کے رسولؐ نے فرمایا: ''تم میں سے جو شخص کسی حکمران کو کسی چیز کی نصیحت کرنا چاہے تو علانیہ اس کا اظہار نہ کرے، بلکہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے تنہائی میں نصیحت کرے۔ اگر اس نے قبول کی تو بہتر، ورنہ تم نے اس کے بارے میں اپنی ذمہ داری ادا کر ہی دی''۔ (مسند احمد)

رہے وہ حکمران جو سیکولر نظام اور کفار کے آلۂ کار اور ان کی مرضی کے مطابق چلنے والے ہوں، ان کا حکم یہ ہے کہ ان کی سخت اور علانیہ مخالفت کی جائے، انھیں روکا جائے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے جو کوئی بدی کو دیکھے تو اس کو ہاتھ سے بدل دے۔ اگر اس کی قدرت نہ رکھتا ہو تو زبان سے، اور اگر اس کی بھی قدرت نہ رکھتا ہو تو دل سے، اور یہ ایمان کا ضعیف ترین درجہ ہے''۔ (مسلم)

ایک اور حدیث میں ہے: ''اللہ عام لوگوں کو خاص لوگوں کے عمل کی سزا اس وقت تک نہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دیتا جب تک ان میں یہ غلط رواداری پیدا نہ ہو جائے کہ بدی کو اپنے سامنے ہوتے ہوئے دیکھیں اور اس کو روکنے کی قدرت رکھتے ہوں مگر نہ روکیں۔(مسند احمد)

حضرت کعب بن عجرہؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمھیں بے وقوفوں کی حکمرانی سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں۔ انھوں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ! یہ کون لوگ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: یہ وہ حکمران ہیں جو میرے بعد ہوں گے۔ جو ان کے پاس جائے گا اور ان کے جھوٹ میں ان کی اعانت کرے گا وہ مجھ سے نہیں اور وہ میرے حوض پر میرے پاس نہیں آئے گا، اور جو ان کا ساتھ نہ دیں، ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق نہ کریں اور ان کے ظلم میں ان کے ساتھ تعاون نہ کریں تو یہ لوگ مجھ سے ہیں اور میں ان سے۔ یہ میرے حوض پر میرے پاس آئیں گے۔(ترمذی، نسائی)

## ۵- عام مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی

عام مسلمانوں سے خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ ان کے ساتھ بہتر سے بہتر سلوک کیا جائے۔ ان کو کسی قسم کی کوئی تکلیف پہنچانے سے گریز کیا جائے۔ ان کے جو بھی حقوق ہوں، انھیں ادا کیا جائے، مثلاً ہمسایہ ہو تو اس کے ساتھ کسی ظلم و جبر کا معاملہ نہ کیا جائے۔ اللہ کے رسولؐ نے فرمایا: ''وہ شخص جنت میں داخل نہ ہوگا جس کا ہمسایہ اس کے شر سے محفوظ نہ ہو''۔(مسلم، کتاب الایمان، باب بیان تحریم ایذاء الجار، ۱۷۲)

مہمان کے بارے میں فرمایا: ''جو شخص آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے مہمان کی عزت کرے''(بخاری، کتاب الادب، باب اکرام الضیف: ۶۱۳۵)۔ اسی طرح اَن پڑھ لوگوں کو تعلیم دی جائے، کمزوروں کی مدد کی جائے، یتیموں اور مسکینوں کے مسائل میں دل چسپی لی جائے، اپنے قول و فعل سے ان کی مدد کی جائے اور ان کے عیوب کو چھپایا جائے۔ بڑوں سے عزت اور چھوٹوں سے شفقت کا معاملہ کیا جائے۔ اللہ کے رسولؐ نے فرمایا: ''جو شخص ہمارے چھوٹوں پر رحم اور ہمارے بڑوں کی عزت نہیں کرتا، وہ ہم میں سے نہیں ہے''۔(ترمذی)

اسی طرح عام لوگوں کو بہترین نصیحت کی جائے، ان کو معروف کا حکم اور منکر سے روکنے کی

© rasailojaraid.com